07-02-2026

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

-1 بھارت اور امریکہ نے، مشترکہ بیان جاری کیا ہے، جس میں ایک عبوری تجارتی معاہدے سے متعلق فریم ورک کا اعلان کیا گیا ہے۔

-2 وزیر اعظم نریندر مودی آج ملیشیاء کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ دونوں ممالک، تجارت و معیشت، اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجیز، توانائی اور تعلیم پر توجہ دیں گے۔

-3 بھارت نے، اسلام آباد کی ایک مسجد میں بم دھماکے کی مذمت کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ پاکستان، دوسروں پر الزام تراشی کر کے خود کو دھوکہ دے رہا ہے۔

-4 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج جگدل پور میں، شاندار قبائلی، ثقافتی فیسٹیول Baster Pandum 2026 کا افتتاح کریں گی۔

-5 بھارت نے، 19 سال تک کی عمر کے، کرکٹ عالمی کپ کا خطاب، ریکارڈ چھٹی بار جیتا ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ٹیم انڈیا کو مبارکباد دی ہے۔

-6 اور ICC مردوں کا ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ 2026 آج سے شروع ہو رہا ہے، جس کی مشترکہ میزبانی، بھارت اور سری لنکا کریں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## India US Joint Statement

بھارت اور امریکہ نے آج اعلان کیا ہے کہ دونوں ملک ایک دوسرے کیلئے باہمی طور پر فائدہ مند تجارت کے عبوری معاہدے کے فریم ورک پر پہنچ گئے ہیں۔ کامرس اور صنعتوں کی وزارت نے بھارت- امریکہ مشترکہ بیان جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ یہ فریم ورک وزیرِ اعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے گذشتہ سال 13 فروری کو شروع کئے گئے وسیع تر امریکہ-بھارت دو طرفہ تجارتی سمجھوتے، BTA کے تئیں، اِن ممالک کی عہدبستگی کی یقین دہانی کراتا ہے۔ اِس سمجھوتے میں اضافی بازار رسائی وعدوں اور زیادہ لچک دار سپلائی چین کی مدد کی بات کہی گئی ہے۔

دونوں ممالک کے درمیان عبوری معاہدہ، اِن ممالک کی ساجھیداری کے تاریخی سنگِ میل کی نمائندگی کرتا ہے، ساتھ ہی باہمی مفادات اور ٹھوس نتائج پر مبنی متوازن اور جوابی تجارت کے تئیں مشترکہ عہدبستگی کا بھی مظاہرہ کرتا ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ بھارت، سبھی امریکی صنعتی مصنوعات اور امریکی غذائی اور زرعی مصنوعات کے بڑے حصے پر عائد محصولات کو کم کردے گا یا ہٹا دے گا۔ اِن میں DDGs، جانوروں کے کھانے، تازہ اور پروسیسڈ پھل، سویابین کا تیل اور اضافی مصنوعات شامل ہیں۔ وہیں امریکہ، ٹیکسٹائل اور مصنوعات، چمڑے کی مصنوعات اور چپلوں، پلاسٹک اور ربر، قدرتی کیمیکلز، گھریلو سجاوٹ کی چیزوں اور مشینری جیسی بھارتی اشیاء پر 18 فیصد کا جوابی محصول عائد کرے گا۔ x

## India Us Deal

بھارت اور امریکہ، دوطرفہ اور باہمی فائدے والی تجارت کیلئے ایک عبوری معاہدے کے فریم ورک پر رضامند ہو گئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ امریکہ میں، بھارتی اشیاء پر، جو محصول عائد ہے، اِس فریم ورک کے تحت امریکہ، اُس میں کمی کر

کے 18 فیصد کر دے گا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے کپڑے اور ملبوسات کی صنعتوں، چمڑے اور جوتے چپّل، پلاسٹک اور ربر مصنوعات، آرگنک کیمیاوی مادّوں، گھریلو آرائش کی چیزوں اور کاریگروں کی اشیاء کے شعبوں کے تحت، مارکیٹ میں بڑے موقعے فراہم ہوں گے۔

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ یہ محصولات، جینرک دواؤں، نگینوں، ہیروں اور ہوائی جہاز کے کَل پرزوں جیسی بہت سی مصنوعات پر، پوری طرح ختم کر دیے جائیں گے، جس سے بھارت کی برآمدات سے متعلق مقابلہ جاتی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور میک اِن انڈیا قدم کو استحکام ملے گا۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کو ہوائی جہاز کے کَل پرزوں پر سیکشن 232 کے تحت استثنیٰ حاصل ہوگا۔

جناب گوئل نے کہا کہ اِس معاہدے سے، زرعی اور ڈیری مصنوعات کا تحفظ کر کے، کسانوں کے مفادات کی حفاظت اور دیہی گزر بسر کو پائیدار بنانے کے ملک کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ اِس شراکت داری سے بھارتی برآمد کاروں، خاص طور پر MSMEs، کسانوں اور ماہی گیروں کیلئے، 30 ٹریلین امریکی ڈالر کی مارکیٹ کی راہ ہموار ہوگی۔ ×

## Rev. PM Malaysia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج ملیشیاء کے دو روزہ دورے پر کوالالمپور روانہ ہوں گے۔ اُن کا ملیشیاء کا یہ تیسرا دورہ ہے۔ یہ دورہ ایک ایسے اہم وقت کیا جا رہا ہے، جب دونوں ملک جامع دفاعی شراکت داری کے تحت اپنی سرگرمیوں میں گہرائی لانے کے خواہاں ہیں۔ یہ شراکت داری 2024 میں شروع کی گئی تھی۔

اِس دورے میں دونوں ملک دوطرفہ تعلقات کے پورے منظرنامے کا جائزہ لیں گے، جس میں تعلقات میں جامع دفاعی شراکت داری تک اضافہ کیے جانے کے بعد کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزے پر توجہ دی جائے گی۔

ملیشیاء، ایکٹ ایسٹ پالیسی کے تحت بھارت کا ایک کلیدی شراکت دار بھی ہے، جس کی وجہ سے اِس دورے کو ایک دفاعی اہمیت بھی حاصل ہو گئی ہے۔

ملیشیاء میں بھارت کے ہائی کمشنر بی-این ریڈی نے بتایا کہ بات چیت میں تجارت و معیشت، اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجیز، توانائی، تعلیم اور اِسٹارٹ اَپس، مصنوعی ذہانت نیز فِن ٹیک جیسے جدید دور کے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی، کیونکہ دونوں ممالک اپنے اشتراک کو تجارتی میدانوں سے بھی آگے لے جانا چاہتے ہیں۔

آج وزیر اعظم مودی ایک بڑی تقریب میں شرکت کریں گے، جس کا اہتمام بھارتی برادری نے کیا ہے۔ اِس بڑی تقریب کا عنوان ہے " Selamat Datang Modi Ji"۔ یہ تقریب کوالاکمپور میں منعقد ہوگی، جس سے دونوں ملکوں کے، عوام سے عوام کے درمیان مضبوط رابطوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

امید ہے کہ اِس تقریب میں لوگ بڑے پیمانے پر شرکت کریں گے اور پورے ملیشیاء کے فنکار اپنی ثقافتی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

بھارتی برادری کی اِس تقریب سے وزیر اعظم نریندر مودی اور ملیشیاء کے وزیر اعظم انور ابراہیم، مشترکہ طور پر خطاب کریں گے، جسے سے بھارت اور ملیشیاء کے درمیان قریب ہوتے ہوئے رشتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Durgesh

کل کی مصروفیات کی خاص بات، بھارتی برادری کے ساتھ وزیر اعظم کی بات چیت ہوگی۔ امید ہے کہ سلامت Datang Modi Ji کی تقریب میں تقریباً 15 ہزار لوگ وزیر اعظم نریندر مودی کا شاندار خیر مقدم کریں گے۔ فیوژن

اور LED رقص کے ساتھ ساتھ گانے کے پروگرام بھی منعقد کیے جائیں گے۔ اس تقریب کا انعقاد بھارتی برادری نے کیا ہے۔ اتوار کو وفد کی سطح کی بات چیت کی جائے گی اور ایک دوسرے کو مفاہمت نامے سونپے جائیں گے۔

کوالالمپور سے دُرگیش بھدوریا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................

## Amit Shah Visit Chhattisgarh

امدادِ باہمی اور داخلی امور کے مرکزی وزیر امت شاہ چھتیس گڑھ کے تین روزہ دورے پر آج شام رائے پور پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ ریاست میں داخلی سلامتی اور بائیں بازو کی انتہاپسندی کی صورتحال کا جائزہ لیں گے اور رائے پور اور جگدل پور میں مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ طے شدہ پروگرام کے مطابق، جناب شاہ آج شام رائے پور میں سینئر افسران کے ساتھ اہم میٹنگ کریں گے، جس میں ریاست سے متعلق مختلف انتظامی اور سلامتی کیلئے تشویشناک موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ کَل 8 فروری کو جناب شاہ رائے پور میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متعلق اعلیٰ سطحی سکیورٹی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

میٹنگ میں مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے سینئر افسران اور سکیورٹی ایجنسیوں کے نمائندے شرکت کریں گے۔ جناب شاہ 8 فروری کو رائے پور میں منعقد ہورہے قومی کانکلیو میں بھی حصہ لیں گے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ 9 فروری کو جگدل پور میں بستر Pandum میلے کی اختتامی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔x

## MEA Pak Attack

بھارت نے اسلام آباد کی مسجد میں ہوئے دھماکے کی مذمت کی ہے اور جانی نقصان پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزارتِ خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اپنے سماجی تانے بانے کیلئے تکلیف دہ مسائل سے سنجیدگی سے نمٹنے

کے بجائے پاکستان اپنی گھریلو خامیوں کیلئے دوسروں کو موردِ الزام ٹھہرانے کا راستہ اختیار کرتے ہوئے، خود کو گمراہ کررہا ہے، جوکہ افسوسناک ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت اس طرح کے کسی بھی بے بنیاد الزامات کو مسترد کرتا ہے۔ اس سے پہلے کل پاکستان کی راجدھانی اسلام آباد کے ایک شیعہ مذہبی مرکز پر ہوئے خودکش حملے میں 31 لوگ ہلاک ہوگئے۔ حملے میں 170 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں-x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US Iran Talks

امریکہ اور ایران کے سینئر افسران نے کَل Oman میں بالواسطہ بات چیت کی، جو پچھلے سال امریکہ کی طرف سے، ایران کے نیوکلیائی ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر کیے گئے فضائی حملوں کے بعد سے اِن دونوں ملکوں کے درمیان پہلی باقاعدہ بات چیت ہے۔ اِن مذاکرات میں ثالثی کے فرائض Oman کے وزیر خارجہ بدر Albusaidi نے انجام دیے۔ یہ مذاکرات مسقط کی راجدھانی Oman میں منعقد کیے جا رہے ہیں۔

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراغچی نے اِس اجلاس کو ایک اچھا آغاز قرار دیا ہے۔ انہوں نے مذاکرات جاری رکھنے کی باہمی خواہش کا ذکر کیا ہے۔

ایران کے سرکاری میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب عباس عراغچی نے زور دے کر کہا کہ مستقبل کی بات چیت کیلئے تال میل کے بارے میں متعلقہ راجدھانیوں میں فیصلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے چیلنجوں کے باوجود محتاط پیشرفت کا اشارہ دیا ہے۔ اگرچہ اِس بات چیت میں کسی پیشرفت کا اعلان نہیں کیا گیا ہے، لیکن دونوں ملکوں نے مزید بات چیت پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

یہ بات چیت ایران کے وزیر خارجہ عباس عراغچی اور امریکہ کے نمائندگان کے درمیان ہوئی، جن میں خصوصی ایلچی Steve Witkoff اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد Jared Kushner، اور مغربی ایشیاء کے ایلچی شامل ہیں۔ دونوں وفود نے اپنے Omani میزبان کے ساتھ الگ الگ میٹنگس کیں، جس سے بالواسطہ طریقۂ کار کی عکاسی ہوتی ہے، جسے ایران نے ترجیح دی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod

اِس بات چیت میں ایران کے نیوکلیائی پروگرام پر خاص طور پر توجہ دی گئی ہے۔ ایران نے اِس بات چیت کو نیوکلیائی معاملات اور بندشوں میں امکانی راحت تک محدود کرنے پر زور دیا، جبکہ امریکہ نے ایک بڑے منظرنامے پر زور دیا، جس میں ایران کی بیلسٹک میزائل صلاحیتوں، حزب اللہ اور حوثی جیسے علاقائی درپردہ گروپوں کو ایران کی مدد، اور انسانی حقوق سے متعلق معاملات پر تشویش بھی شامل ہے۔ بات چیت میں حال ہی میں ایران میں ملک گیر مظاہروں کو ختم کرنے کیلئے کی گئی کارروائی بھی شامل ہے۔ امریکہ نے ایران کی نیوکلیئر صلاحیت کے مکمل خاتمے کا مطالبہ کیا، جبکہ خطّے میں امریکہ نے اپنا بحری بیڑا تیار کر لیا ہے اور صدر ٹرمپ کی طرف سے یہ پیشگی وارننگ دے دی گئی ہے کہ اگر کوئی معاہدہ نہ ہو سکا، تو اس سے فوجی کارروائی کے امکانات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

Oman، امریکہ-ایران تعلقات میں طویل عرصے سے ایک غیر جانبدار ثالث رہا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

ECI SIR

انتخابی کمیشن نے اترپردیش میں، خصوصی تفصیلی نظرثانی عمل کے تحت جاری دعووں اور اعتراضات داخل کرنے کی حتمی تاریخ میں توسیع کردی

ہے۔ ایسے رائے دہندگان، جو انتخابی فہرست میں اپنا نام شامل کرانے، کسی قسم کی درستگی یا نام ہٹائے جانے کے خواہشمند ہیں، اب چھ مارچ 2026 تک فارم چھ، سات اور آٹھ جمع کرسکتے ہیں۔ اس سے پہلے حتمی تاریخ 6 فروری مقرر کی گئی تھی-x

Chhattisgrah Baster

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج اپنے ایک روزہ دورے کے تحت چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن کے صدر مقام جگدل پور پہنچیں گی۔ وہ اس موقع پر بستر Pandum میلے کا افتتاح کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ جگدل پور کے لال باغ میدان پر منعقد ہورہے پروگرام سے خطاب بھی کریں گی۔ بستر Pandum میلے کی افتتاحی تقریب میں چھتیس گڑھ کے گورنر رَمَن ڈیکا اور وزیرِ اعلیٰ وشنو دیو سائے بھی شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

VC - Vikalp Shukla

بستر Pandum میلے کے تحت 7 فروری سے 9 فروری تک ڈویژنل سطح کے مقابلے ہوں گے۔ اس دوران 84 ٹیموں کے 700 سے زیادہ فنکار 12 ثقافتی زمروں میں اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ ان میں قبائلی رقص، دستکاری، روایتی قبائلی پکوان اور موسیقی کے دیسی آلات شامل ہیں۔ بستر Pandum، قبائلی روایات، مقامی فنون اور سودیشی زندگی پر مرکوز میلہ ہے، جو مقامی لوک فنکاروں کو پلیٹ فارم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو، اُن کی ثقافتی جڑوں سے وابستہ کرنے میں اہم رول نبھاتا ہے۔ بستر Pandum کی مقبولیت میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ اِس سال بستر ڈویژن کے مختلف ضلعوں کے 54 ہزار سے زیادہ شرکاء نے میلے میں حصہ لینے کیلئے اپنا اندراج کرایا ہے۔

بستر Pandum محض ایک ثقافتی پروگرام نہیں ہے بلکہ بستر کی روح، اُس کی قبائلی شناخت اور اِس کے گوناگوں ورثے کی جیتی جاگتی نشانی ہے۔

رائے پور سے وِکلپ شُکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...

## France Canada

فرانس اور کناڈا نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے اوقیانوسی خطے کو حاصل کرنے کے تازہ مطالبات کے دوران اپنے ناٹو اتحادی ڈنمارک کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے، گرین لینڈ کی راجدھانی Nuuk میں کَل اپنے قونصلیٹ دفاتر کھولے۔ اِس دوران فرانس کے قونصلر جنرل Jean-Noel Poirier نے کہا کہ Nuuk میں اُن کا تقرر امریکی انتظامیہ کیلئے اشارہ نہیں ہے بلکہ گرین لینڈ اور ڈنمارک کیلئے دوستی کا پیغام ہے۔ x

## Secretary Dipam

سرمایہ کاری اور عوامی اثاثوں کے بندوبست سے متعلق محکمے، DIPAM کے سکریٹری Arunish Chawla نے اطلاع دی ہے کہ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ بینک آف انڈیا، IDBI کی اسٹریٹیجک غیر سرمایہ کاری کیلئے اقتصادی دعویداریاں موصول ہوچکی ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں DIPAM کے سکریٹری نے بتایا کہ اِن دعویداریوں کی مقررہ طریقۂ کار کے مطابق جانچ کی جائے گی۔ x

## MP National Consultaion

مدھیہ پردیش میں، دالوں کی خود کفالت کے قومی مشن پر کامیاب عمل درآمد سے متعلق مشاورت اور حکمتِ عملی کے بارے میں قومی کانفرنس آج Sehore ضلعے کے Amlaha علاقے میں منعقد ہوگی۔ یہ کانفرنس خوردنی پھلیوں سے متعلق تحقیق کے پلیٹ فارم Food Legume Research Platform پر منعقد ہوگی، جس کی صدارت، زراعت اور کسانوں کی بہبود نیز دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کریں گے۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

ایک رپورٹ

V/C - Pooja P. Vardhan

اس کانفرنس میں پیداوار اور پیداواریت کے مختلف پہلوؤں پر گہرائی کے ساتھ تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔ دالوں کے شعبے سے متعلق اصل تشویش، موجودہ چیلنجز اور مستقبل کے منظرنامے پر تفصیلی بات چیت کی جائے گی۔ دالوں کی پیداوار والی بڑی ریاستوں کے زراعت کے وزیر، سینئر افسران، دالوں کی تحقیق سے وابستہ سائنسداں، بیجوں کی پیداوار والے سرکاری ادارے، دالوں کی صنعت کے نمائندے اور ملک بھر کی دیگر متعلقہ ایجنسیاں اس کانفرنس میں شرکت کریں گی۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اور مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان، Amlaha میں جدید ترین مرکز کا افتتاح بھی کریں گے۔

اُڈیشہ، پنجاب، چھتیس گڑھ، بہار، گجرات، اترپردیش، ہریانہ اور مغربی بنگال سمیت مختلف ریاستوں کے، زراعت کے وزیر، اِس بات چیت میں شرکت کریں گے، جبکہ دیگر ریاستوں کے زراعت کے وزیر ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

بھوپال سے پوجا پی وردھن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں

............

India AI Impact Summit

India AI Impact Summit 2026 کے حصے کے طور پر AI اور اُس کے اثرات پر منعقد کئے گئے ریسرچ سمپوزیم میں بھارتی اور عالمی تحقیقی برادری دونوں کی جانب سے 250 سے زیادہ مندرجات موصول ہوئے۔ India AI Impact Summit 2026، اٹھارہ فروری کو نئی دلّی میں منعقد ہوگا۔ گلوبل ساؤتھ ریسرچ اینڈ پوسٹرس شوکیس کے دوران عالمی خطہئ جنوب کے طلباء اور اشتراکی ٹیموں کے تحقیقی پوسٹروں کا مظاہرہ کیا جائے گا۔ x

## RBI Growth Projection

بھارتیہ ریزرو بینک نے کَل مالی سال 2025-26 کیلئے اپنی پیشگوئی میں، GDP کی شرح ترقی میں اضافہ کر کے اسے 7 اعشاریہ 4 فیصد بتایا ہے، جس سے عالمی، تجارتی، غیر یقینی اور معاشی مارکیٹ میں اُتار چڑھاؤ کے باوجود گھریلو مانگ جاری رہنے میں اعتماد کا اظہار ہوتا ہے۔ RBI نے کَل شرح سود کو جوں کا توں برقرار رکھا ہے۔ نئے سرے سے کی گئی اِس پیشگوئی میں، دسمبر میں اعلان شدہ 7 اعشاریہ 3 تخمینہ ترقی میں معمولی اضافہ کر کے 7 اعشاریہ 4 کیا گیا ہے، جس سے بھارتیہ ریزرو بینک کے اِس نظریے کا اعادہ ہوتا ہے کہ دنیا کی تیسری سب سے بڑی یہ معیشت عالمی غیر یقینی سے متاثر  نہیں ہوگی۔

RBI نے کہا ہے کہ امید ہے کہ معاشی سرگرمیوں میں اگلے مالی سال میں بھی، کھپت اور سرمایہ کاری میں لگاتار اضافے کی وجہ سے بہتری آئے گی۔×

## ICC U19 Cricket World Cup Win

بھارت نے ریکارڈ چھٹی مرتبہ 19 سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کا کرکٹ عالمی کپ جیت لیا ہے۔ کَل شام زمبابوے کے ہرارے میں کھیلے گئے اَنڈر 19 عالمی کپ کے فائنل میں بھارت نے انگلینڈ کو 100 رَن سے ہرا دیا۔ اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے، مقررہ 50 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 411 رَن کا زبردست اسکور کھڑا کیا۔ اِس میں Vaibhav سوریہ ونشی کی جانب سے محض 80 گیندوں میں بنائے گئے 175 رَن بھی شامل ہیں۔ کپتان آیوش مہاترے نے 53 رَن کی اننگز کھیلی، جب کہ ابھگیان کُنڈو نے 40 رَن بنائے۔

بھارت کی جانب سے دیئے گئے 412 رَن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے، انگلینڈ کی پوری ٹیم 40 اوورس اور دو گیندوں میں 311 رَن ہی بنا سکی۔

Vaibhav سوریہ ونشی کو پلیئر آف دی میچ اور پلیئر آف دی سیریز دونوں خطابات سے نوزا گیا۔ x

Prez VP PM - U19 World Cup

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مردوں کا اَنڈر 19 آئی سی سی کرکٹ عالمی کپ 2026 جیتنے پر بھارتی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں، صدرِ جمہوریہ نے ریکارڈ چھٹی مرتبہ خطاب جیتنے اور پورے ٹورنامنٹ کے دوران ناقابلِ شکست رہنے پر ٹیم کو مبارکباد دی۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بھارتی ٹیم نے اپنی شاندار کارکردگی کے ذریعے ملک کا سر فخر سے اونچا کیا ہے۔

اِس دوران نائب صدر نے بھی کرکٹ عالمی کپ جیتنے پر اَنڈر 19 ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی اَنڈر 19 کرکٹ ٹیم کو عالمی کپ جیتنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیرِ اعظم مودی نے پورے ٹورنامنٹ کے دوران غیرمعمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے پر کھلاڑیوں کی ستائش کی ہے۔ x

ICC T20 WC

بھارت اور سری لنکا کی میزبانی میں ہونے والا مردوں کا ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ 2026 آج سے شروع ہو رہا ہے۔ ایک مہینہ طویل یہ ٹورنامنٹ 8 فروری تک جاری رہے گا، جس مین دونوں ملکوں میں مختلف مقامات پر 55 میچز منعقد کرائے جائیں گے اور 20 بین الاقوامی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ آج تین میچ ہوں گے۔ پہلا میچ بھارتی وقت کے مطابق کولمبو میں Sinhalese اسپورٹس کلب میں پاکستان اور نیو زیلینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ دوسرا میچ سہ پہر تین بجے کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں ویسٹ انڈیز اور اسکاٹ لینڈ

کی درمیان ہوگا۔ دفاعی چیمپئن بھارت کا مقابلہ آج شام سات بجے ممبئی کے وانکھڑے اسٹیڈیم میں امریکہ سے ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - ضمیر

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ذریعے اپنی رہائش گاہ پر ملک کے مختلف حصوں سے آئے بچوں سے ”پریکشا پر چرچہ“ پروگرام میں خطاب کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ امتحان میں کامیابی کی ضمانت خود اعتمادی ہے، جلد بازی نہیں۔

اپوزیشن کے ہنگامے کے سبب لوک سبھا میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تعطل برقرار، کارروائی پیر تک ملتوی۔ اس خبر کو آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

انتخابی کمیشن کے مرکزی مشاہدوں کی دو روزہ میٹنگ کے اختتام پذیر ہونے کی خبر کو روز نامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اس میٹنگ میں چیف انتخابی کمیشن نے مشاہدین سے پانچ ریاستوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات میں قانون اور کمیشن کی ہدایات کے مطابق انتخابات کرانے کی اپیل کی ہے۔

روزنامہ انقلاب سمیت دیگر اخباروں نے انڈر 19 عالمی کپ کے فائنل میں بھارت کی شاندار جیت کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ بھارت نے انگلینڈ کو 100 رَن سے ہراکر خطاب پر چھٹی مرتبہ قبضہ کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ اور انقلاب نے اسلام آباد میں امام باڑے پر ہوئے دہشت گردانہ حملے سے متعلق خبر کو پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔ حکام نے اسے خودکش دھماکہ قرار دیا ہے، جس میں کم از کم 31 افراد ہلاک اور 169 زخمی ہوئے ہیں۔ روزنامہ انقلاب نے مسقط میں ایران اور امریکہ کے درمیان ہوئی بات چیت میں مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔ اس میٹنگ میں فریقین نے اپنے اپنے موقف اور تحفظات سامنے رکھے، صلاح و مشورے کے بعد اگلے دور کی تاریخ جلد طے کی جائے گی۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ امریکہ اور یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کے تجارتی سمجھوتوں سے عالمی استحکام کی سمت اعتماد پیدا ہوا ہے۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ کئی ملکوں کے ساتھ مستقبل کے لئے مفید معاہدوں کا مقصد ملک کے نوجوانوں کو بااختیار بنانا ہے۔

2- وزیراعظم آج صبح پریکشا پہ چرچا کے نویں پروگرام میں ملک بھر کے طلبا کے ساتھ گفتگو کرنے والے ہیں۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں میں سرحدی چوکیوں کا دورہ کریں گے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سِکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

4- ریزرو بینک آج اپنی دو ماہی مالی پالیسی کے جائزے کا اعلان کرے گا۔

5- امریکہ اور ایران آج Oman میں ایٹمی معاملے پر براہِ راست بات چیت کریں گے۔

6- کرکٹ میں: رائل چیلنجرس بینگلورو نے وڈودرہ میں ڈیلی کیپٹلز کو چھ وکٹ سے ہراکر اپنا دوسرا خواتین پریمیئر لیگ ٹائٹل جیتا ہے۔

7- اور آج ہرارے میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایک روزہ میچوں کے کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------